| Surname | | Other Names | |
|---|---|---|---|
| Centre Number | | Candidate Number | |
| Candidate Signature | | | |

Leave blank

General Certificate of Secondary Education
June 2005

**URDU**
**Reading Test**
**Higher Tier**

**3646/RH**

H

Monday 23 May 2005 9.00 am to 9.50 am

**In addition to this paper you will require:**
the Stimulus for Question 9 on an insert (enclosed).

| For Examiner's Use | | | |
|---|---|---|---|
| Page | Mark | Page | Mark |
| 2 / 3 | | | |
| 4 / 5 | | | |
| 6 / 7 | | | |
| 8 / 9 | | | |
| 10 / 11 | | | |
| 12 / 13 | | | |
| 14 / 15 | | | |
| 16 / 17 | | | |
| 18 / 19 | | | |
| 20 / 21 | | | |
| 22 / 23 | | | |
| 24 / 25 | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| Total (Column 1) → | | | |
| Total (Column 2) → | | | |
| TOTAL | | | |
| Examiner's Initials | | | |

Time allowed: 50 minutes

**Instructions**
- Use blue or black ink or ball-point pen.
- Fill in the boxes at the top of this page.
- Write your answers in this combined question paper/answer book.
- In **Section A** answer the questions in **Urdu**.
- In **Section B** answer the questions in **English**.
- Write neatly and put down **all** the information you are asked to give.

**Information**
- The maximum mark for this paper is 45.
- Mark allocations are shown in brackets.
- You must **not** use a dictionary at any time during this test.

# حصّہ (الف)

## سوالات اور جوابات اردو میں

1 سوال نمبر ا: نیچے کچھ لوگوں نے اپنے فارغ وقت کے بارے میں لکھا ہے۔

مثال: **طارق:** میں اپنے فارغ وقت میں ٹی وی دیکھتا ہوں۔


(i) **فاطمہ:** میں اپنا فارغ وقت کتابیں پڑھنے میں گزارتی ہوں۔

(ii) **رضیہ:** مجھے جب بھی وقت ملتا ہے میں سائیکل چلاتی ہوں۔

(iii) **وسیم:** میں جب بھی فارغ ہوتا ہوں۔ اپنے دوستوں کو خط لکھتا ہوں۔

(iv) **غزالہ:** میرا فارغ وقت باغبانی میں گزرتا ہے۔


**A**




**B**




**C**



**D**



**E**




**F**




**G**



**H**



**I**



صحیح تصویر کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

مثال: طارق [E]

(i) فاطمہ [ ] *(1 mark)*

(ii) رضیہ [ ] *(1 mark)*

(iii) وسیم [ ] *(1 mark)*

(iv) غزالہ [ ] *(1 mark)*

4

سوال نمبر ۲: آصف نے اپنے گھر والوں کے کام کے بارے میں لکھا ہے۔ 2

میرے گھر کے لوگ مندرجہ ذیل کام کرتے ہیں۔

A میری والدہ ایک دفتر میں کام کرتی ہیں۔

B میرے والد گاڑیاں ٹھیک کرتے ہیں۔

C میری سب سے بڑی بہن پولیس آفیسر ہیں۔

D میرے بڑے بھائی ہسپتال میں ڈاکٹر ہیں۔

E میرے چھوٹے بھائی ایک استاد ہیں۔

F میری چھوٹی بہن ایک گلوکارہ ہیں۔

کون کیا کرتا/کرتی ہے؟

جواب کا صحیح انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| A | وہ ایک کلرک ہیں۔ | مثال : |
| | وہ لوگوں کا علاج کرتے ہیں۔ | الف: |
| | وہ اسکول میں پڑھاتے ہیں۔ | ب: |
| | وہ گانا گاتی ہیں۔ | ج: |

*(3 marks)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

3

3 سوال نمبر ۳: پاکستانی چینل کے آج کے خاص پروگرام

| | |
|---|---|
| A | قاری احسان احمد نو بجے صبح تلاوتِ قرآن اور اس کا ترجمہ پیش کریں گے۔ |
| B | دس بجے پاکستان کے مشہور گلوکار غلام علی آپ کی پسندیدہ غزلوں کا پروگرام پیش کریں گے۔ |
| C | اداکار سے بات چیت سوا بارہ بجے ہوگی۔ |
| D | ایک بجے بچّوں کی تعلیم کے بارے میں پروگرام پیش کیا جائے گا |
| E | تین بجے ڈاکٹر حمید دِل کی بیماریوں سے بچنے کی ترکیبوں پر بات چیت کریں گے۔ |

کون سا پروگرام کس بارے میں ہے؟

صحیح جواب کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| مثال: | فلم | C |
| الف: | صحّت | |
| ب: | موسیقی | |
| ج: | مذہب | |

*(3 marks)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**




3

سوال نمبر ۴: نیچے آپ کے قلمی دوست کے خط کا ایک حصّہ دیا گیا ہے۔ **4**

میرے گھر میں کُل پانچ افراد ہیں۔ مجھے باغبانی بہت پسند ہے لیکن وقت کی کمی کی وجہ سے میں اپنا یہ شوق پورا نہیں کر پاتی۔ میرے والد صاحب ایک دفتر میں کام کرتے ہیں۔ وہ اپنا فارغ وقت اپنے دوستوں کے ساتھ شطرنج کھیلنے میں گزارتے ہیں۔ میری والدہ ویسے تو گھریلو خاتون ہیں لیکن وہ ایک اسکول میں پارٹ ٹائم پڑھاتی بھی ہیں۔ فارغ وقت میں وہ میرے نانا اور نانی کو خط لکھنا پسند کرتی ہیں۔ میرے بڑے بھائی نے ابھی ابھی ڈگری لی ہے اور اپنا اکثر وقت مطالعے میں گزارتے ہیں۔ مجھ سے چھوٹی بہن میرے ہی اسکول میں دسویں جماعت کی طالبہ ہے۔ جب بھی اسے فرصت ملتی ہے اپنی سہیلیوں کے ساتھ بیڈمنٹن کھیلنے میں گزارتی ہے۔

آپ کے قلمی دوست کے/کی:

الف: والد صاحب اپنے فارغ وقت میں کیا کرتے ہیں؟


| A | B | C |
|---|---|---|
|  |  |  |

صحیح تصویر کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

ب: والدہ صاحبہ کیا کام کرتی ہیں؟


**A**



**B**




**C**




صحیح تصویر کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

ج: بڑے بھائی کیا کرتے ہیں؟


**A**



**B**




**C**



صحیح تصویر کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

د: چھوٹی بہن کا کیا مشغلہ ہے؟


**A**



**B**



**C**



صحیح تصویر کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐ *(1 mark)*

*4*

**Turn over ▶**

سوال نمبر ۵: کمرہ امتحان کے دروازے پر آپ یہ ہدایات پڑھتے/پڑھتی ہیں۔ 5

تمام امیدواروں کو خبردار کیا جاتا ہے کہ وہ مندرجہ ذیل ہدایات پر سختی سے عمل کریں۔

| | |
|---|---|
| الف | کرسی پر بیٹھنے سے پہلے اپنے کوٹ اتار کر ایک طرف لٹکا دیں۔ |
| ب | امتحان کے دوران اِدھر اُدھر دیکھنے یا بات کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ |
| ج | نقل کرتے ہوئے پکڑے جانے کی صورت میں امیدوار کو امتحان سے نکال دیا جائے گا۔ |
| د | امتحان کے لیے ضرورت کی چیزوں کے علاوہ امیدواروں کو اور کوئی چیز اپنے پاس رکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ |
| س | لغت کے استعمال کی اجازت بالکل نہیں ہے۔ |
| ص | وقت سے پہلے پرچہ ختم کر لینے پر بھی امیدوار کو کمرہ امتحان چھوڑنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ |

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات **اردو** میں لکھیں۔

(i) کمرہ امتحان داخل ہوتے ہی سب سے پہلے کیا کرنا ہوگا؟

..........................................................................................

*(1 mark)*

(ii) نقل کرتے ہُوئے پکڑے جانے کی صورت میں کیا کاروائی کی جائے گی؟

..........................................................................................

*(1 mark)*

(iii) اگر امیدوار اپنا پرچہ وقت سے پہلے ختم کرلیں تو انہیں کیا کرنا ہوگا؟

..........................................................................................

*(1 mark)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

سوال نمبر ۶: درجِ ذیل مضمون میں دی گئی خالی جگہوں کو مناسب الفاظ سے پُر کریں۔ **6**

کراچی کے بارے میں اکثر کہا جاتا ہے کہ یہ شہر کبھی سوتا نہیں۔ کراچی جا کر

ہی اس بات کا (مثال) [A] (1) ہوتا ہے۔ اس شہر میں آباد

ایک کروڑ سے زیادہ انسان اپنے کاموں میں اس قدر [ ] (2)

رہتے ہیں کہ کسی کو وقت گزرنے کا پتہ ہی نہیں چلتا۔ کراچی آبادی کے اعتبار

سے پاکستان کا سب سے بڑا شہر ہونے کے علاوہ ایک [ ] (3)

بھی ہے۔ پاکستان کی درآمد و برآمد میں کراچی کو بہت [ ] (4) حاصل

ہے۔ دور دراز کے علاقوں کے لوگ یہاں کام کی تلاش میں آتے ہیں اور ان

میں سے اکثر اپنے مقصد میں [ ] (5) بھی ہو جاتے ہیں۔

مناسب الفاظ کے حروف اُوپر کی خالی جگہوں میں لکھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| A احساس | B درست | C محنت |
| D بندرگاہ | E تکلیف | F اہمیّت |
| G مصروف | H کامیاب | I مذہب |

*(4 marks)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

4

LEAVE
MARGIN
BLANK



سوال نمبر ۷: نیچے خالد نے اپنے روزانہ کے معمول کے بارے میں لکھا ہے۔ 7

میری والدہ مجھے سات بجے جگا دیتی ہیں۔ غُسل خانے سے فارغ ہوکر میں ناشتہ کرتا ہوں۔ پھر یونیفارم پہن کر اسکول روانہ ہو جاتا ہوں۔ اسکول میں روزانہ پانچ سبق ہوتے ہیں۔ انگریزی، موسیقی، تاریخ اور حساب مجھے پسند ہیں۔ اور اِن مضامین میں مجھے اچھے نتائج کی توقّع بھی ہے اسکول میں کھانے کا وقفہ ایک بجے ہوتا ہے۔ اور میں اپنے دوستوں کے ساتھ باہر چلا جاتا ہوں۔ حالانکہ میرے والدین کو یہ بات بالکل پسند نہیں۔ اسکول تین بجے بند ہو جاتا ہے اور میرے بڑے بھائی اپنی کار میں مجھے گھر لے جاتے ہیں۔ چار بجے سے چھے بجے تک گھر کے کام کاج میں امّی کی مدد کرتا ہوں۔ ہمارے گھر میں زیادہ ٹی وی دیکھنے پر پابندی ہے اس لیے میں تقریباً آٹھ بجے کھانا کھا کر اپنے کمرے میں ہوم ورک کرنے چلا جاتا ہوں۔ دو گھنٹے مسلسل کام کرنے کے بعد میں تھک جاتا ہوں اور دس بجے سونے کے لیے بستر میں چلا جاتا ہوں۔

کون سی بات صحیح (ص) غلط (غ) یا عبارت میں نہیں (؟) ہے۔

" کی" پر غور کریں اور خانوں میں صحیح حروف لکھیں۔

" کی "

| | |
|---|---|
| صحیح | ص |
| غلط | غ |
| عبارت میں نہیں | ؟ |

| | | |
|---|---|---|
| مثال : الف: | خالد صبح آٹھ بجے اُٹھ جاتا ہے | غ |
| ب: | وہ اپنے بھائی کی کار میں اسکول جاتا ہے | |
| ج: | اسے اپنی قابلیّت پر بھروسہ ہے | |
| د: | وہ اسکول سے پیدل گھر جاتا ہے | |
| ر: | شام کے آٹھ بجے وہ اپنا پسندیدہ ٹی وی پروگرام دیکھتا ہے | |

*(4 marks)*

4

سوال نمبر ۸: یہ ایک کمپنی کی ملازمتوں کے بارے میں اشتہار ہے۔ 8

## ضرورت ہے

ہمیں اپنی کنٹین میں ایک ایسے باورچی کی ضرورت ہے جو ایشیائی پکوانوں کے علاوہ یورپی اور چینی کھانے پکانے میں بھی ماہر ہو۔ کمپنی کی گاڑیوں کی مرمّت کرنے کے لیے ایک تجربہ کار مکینک کی ضرورت ہے۔ مستقبل میں دو کلرکوں کی آسامیاں بھی خالی ہونے والی ہیں۔ اس بارے میں اشتہار بعد میں دیا جائے گا۔ اس کے علاوہ کمپنی کے ہسپتال کے لیے ایک مکمل تربیت یافتہ نرس کی جگہ خالی ہے۔

ہمارے ملازمین کو محنت .دیانت داری اور وقت کی پابندی کے اصولوں پر عمل کرنا ہوگا۔

خواہش مند خواتین وحضرات جتنی جلدی ہو سکے کمپنی کے دفتر سے رابطہ کریں۔

A



B



C



D



E



F



کمپنی کو کن تین ملازمتوں کی ضرورت ہے؟

تصویروں کے صحیح انگریزی حروف خانوں میں لکھیں۔

☐ ☐ ☐

*(3 marks)*


**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

3


**9** See Insert for Question 9 Stimulus.

(i) کس موسم میں لوگ اُونی کپڑے پہنتے ہیں؟


**A**



**B**



**C**




صحیح تصویر کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐


*(1 mark)*

(ii) لوگوں کا پسندیدہ موسم کون سا ہے؟


**A**



**B**



**C**




صحیح تصویر کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐


*(1 mark)*

(iii) کون سے موسم میں پارک اور باغات بے رونق ہو جاتے ہیں؟


**A**



**B**



**C**




صحیح تصویر کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐


*(1 mark)*

(iv) کون سے موسم میں لوگ سوتی کپڑے پہننا پسند کرتے ہیں؟


**A**



**B**



**C**



صحیح تصویر کا انگریزی حرف خانے میں لکھیں۔ ☐

*(1 mark)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

سوال نمبر ۱۰: حصّہ "**الف**" کے فقروں کو حصّہ "**ب**" کے فقروں سے جوڑ کر جملے مکمل کریں۔ **10**

مثال:

| الف | |
|---|---|
| (i) | اسکول میرے گھر سے |
| (ii) | کھانے کے وقفہ کے دوران |
| (iii) | میں حساب، انگریزی کے علاوہ |
| (iv) | امید ہے کہ میں انشااللہ |
| (v) | میں مستقبل میں ایک |

| ب | |
|---|---|
| A | اچھے نمبروں سے پاس ہو جاؤں گی |
| B | پہلا سبق آٹھ بجے ہوتا ہے۔ |
| C | میں اپنی سہیلیوں کے ساتھ کرکٹ کھیلتی ہوں |
| D | تاریخ اور جغرافیہ بھی پڑھتی ہوں |
| E | اپنا ہر کام وقت پر کرتی ہوں |
| F | تقریباً دو میل دور ہے |
| G | استانی بننا چاہتی ہوں۔ |

نیچے حصّہ "**الف**" کے نمبروں کے سامنے حصّہ "**ب**" کے صحیح جواب کا انگریزی حرف لکھیں۔

| ب | الف | |
|---|---|---|
| **F** | (i) | مثال: |
| | (ii) | |
| | (iii) | |
| | (iv) | |
| | (v) | |

*(4 marks)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

## SECTION B

Questions and answers in **English.**

**11** You read this article in an Urdu magazine.

گھریلو سامان کی خریداری کرنے کیلیے مرد عموماً گھبراتے ہیں۔ اس کی بڑی وجہ گھریلو اشیا کے بارے میں مردوں کی کم معلومات ہیں۔ اس کے مقابلے میں خواتین خریداری میں مہارت رکھتی ہیں اور اس سے بہت لطف اندوز بھی ہوتی ہیں۔ اگر کوئی ایک چیز بھی لینی ہو تو جب تک پوری دکان میں پڑی ایک ایک چیز کی جانچ پڑتال نہ کرلیں اس وقت تک ضرورت کی چیز نہیں خریدتیں۔ لیکن مردوں کو اگر شاپنگ کیلیے جانا بھی پڑے تو وہ صرف وہی چیز خریدیں گے جو انہیں خریدنے کیلیے کہا گیا ہو۔ کسی اور چیز کو ہاتھ لگانا تو دُور کی بات ہے اس کی طرف دیکھنا بھی گوارا نہیں کرتے۔ ملازمت پیشہ خواتین وقت کی کمی کے باوجود خریداری کے لیے وقت ضرور نکال لیتی ہیں۔ مردوں کے کام پر چلے جانے اور بچّوں کو اسکول میں چھوڑنے کے بعد گھریلو خواتین کے پاس وقت گزارنے کے دو ہی تو راستے ہوتے ہیں۔ سہیلیوں کے پاس بیٹھ کر گپ شپ کرنا یا پھر خریداری کے لیے نکل جانا۔ حقیقت یہ ہے کہ خواتین خریداری کے معاملے میں مردوں سے زیادہ سمجھ دار ہوتی ہیں اور ان میں ضرورت کی چیز کو مناسب قیمت پر خریدنے کا سلیقہ بھی زیادہ ہوتا ہے۔

LEAVE
MARGIN
BLANK

According to the article:

(a) Why do men usually dislike shopping?

..............................................................................................................................................
*(1 mark)*

(b) What makes you think that men and women have different shopping habits?

..............................................................................................................................................

..............................................................................................................................................
*(2 marks)*

(c) Apart from shopping how do most housewives spend their spare time?

..............................................................................................................................................
*(1 mark)*

(d) Why are women considered to be better shoppers than men?

..............................................................................................................................................
*(1 mark)*

**TURN OVER FOR THE NEXT QUESTION**

*5*

LEAVE
MARGIN
BLANK

**12** Your British friend in Pakistan sends you this e-mail.

**Message**

File Edit View Insert Format Tools Actions Help

گرمی اس قدر زیادہ ہے کہ گھر سے باہر قدم رکھنا ممکن ہی نہیں۔ سوائے ایک دو
جگہوں کے کہیں بھی نہیں جا سکی۔ آپ جب بھی پاکستان آنے کا ارادہ کریں تو
صرف موسمِ بہار میں ہی آئیں۔ کیونکہ گرمیوں میں نہ تو آپ دوسرے شہروں
میں رہنے والے رشتہ داروں سے مل سکیں گی اور نہ ہی یہاں کے قدرتی مناظر
سے لطف اندوز ہو سکیں گی۔ یہاں کے رہنے والے لوگ تو اپنے اپنے روزمرّہ
کے کاموں میں اس قدر مصروف رہتے ہیں کہ انہیں موسم کی شدّت کا احساس
بھی نہیں ہوتا۔ اگر دیکھا جائے تو برطانیہ میں ہم لوگ بھی تو سخت سردی اور
برفباری کے باوجود اپنے اپنے کام کرتے ہی رہتے ہیں۔ خراب موسم کی وجہ
سے زندگی رُک تو نہیں جاتی۔ بہرحال شام کے وقت گلیوں اور بازاروں میں
اتنی رونق ہو جاتی ہے کہ آپ لندن کے ٹیوب اسٹیشن بھول جائیں۔ سیرگاہوں
میں لوگوں کا ہجوم دکھائی دیتا ہے۔ دکانیں گاہکوں سے کھچا کھچ بھر جاتی ہیں۔
ایسا لگتا ہے کہ پورا شہر نیند سے جاگ اُٹھا ہو۔

LEAVE
MARGIN
BLANK

(a) Why does your friend not want you to visit Pakistan in summer?

..........................................................................................................................................

*(1 mark)*

(b) According to this e-mail, what is the similarity between Pakistani and English workers?

..........................................................................................................................................

*(1 mark)*

(c) How does your friend describe evening in the city? Give **two** details.

1 ........................................................................................................................................

2 ........................................................................................................................................

*(2 marks)*

**END OF QUESTIONS**

4

**Insert to Summer 2005 GCSE Urdu Reading Test Higher Tier**
**Question 9 Stimulus**

## سوال نمبر ۹: موسم

الف: اس موسم میں دن چھوٹے ہو جاتے ہیں۔ درجہ حرارت گر جانے کی وجہ سے خوب سردی پڑتی ہے۔ پہاڑوں پر برف باری گرتی ہے۔ لوگ سردی سے بچنے کے لیے گرم کپڑے پہنتے ہیں۔

ب: یہ موسم اپنے ساتھ ایک خوش گوار تبدیلی لاتا ہے۔ درختوں پر پتے آنے شروع ہو جاتے ہیں۔ سردی کی شدّت میں کمی آ جاتی ہے۔ ہر چہرے پر خوشی نظر آتی ہے۔

ج: اسے پَت جھڑ کا موسم بھی کہتے ہیں کیونکہ اس موسم میں درخت پتوں سے خالی ہو جاتے ہیں۔ پھول مُرجھا جاتے ہیں اور پارک ویران لگنے لگتے ہیں۔

د: اس موسم میں درجہء حرارت بڑھ جاتا ہے۔ لوگ سائے میں بیٹھنا پسند کرتے ہیں۔ دُھوپ کی شدّت میں زیادتی کی وجہ سے خوب پسینہ آتا ہے۔ اکثر لوگ چھٹیاں گزارنے دوسرے ملکوں میں چلے جاتے ہیں۔

Copyright © 2005 AQA and its licensors. All rights reserved.